**MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPT**
**RAWALPINDI CANTONMENT BOARD**
The Mall, Rawalpindi Cantt

Tel: 051-9274401-04 Fax No: 051-9274407


No. RCB/LRB/ 43 Dated 18th March, 2026

To

The Director (advertisement),
Press Information Department,
Government of Pakistan, Islamabad.

Subject: - **PUBLICATION OF AUCTION NOTICE**

Please publish the attached auction notice of Collection Rights of Cattle Market in Lahore, Rawalpindi, Multan and Karachi editions in English & Urdu Newspaper. Requirements are as under:-

| | | |
|---|---|---|
| i. | Position | Ordinary |
| ii. | Date of Publication (on or before) | 21-03-2026 |

2. Payment shall be made on receipt of bill along with three numbers of clippings of notice.

Encl:- (As Above)

Cantonment Executive Officer
Rawalpindi Cantt

CamScanner

# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی

## شرائط نیلام منڈی مویشیاں راولپنڈی چھاؤنی

ہر خاص و عام خصوصاً منڈی مویشیاں کا کاروبار کرنے والے حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن/ بائی لاز SRO-229(I)/2013 مورخہ 18 مارچ 2013 کے تحت منڈی مویشیاں کا ٹھیکہ بولی منظور ہونے کے بعد عرصہ (03) تین سال کے لئے مورخہ 13-04-2026 کو بوقت 1100 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں نیلام عام کرے گا۔ بولی نہ ہونے یا کم آنے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 14-04-2026 اور سہ بار بولی مورخہ 15-04-2026 کو ہوگی۔ نیلامی کی شرائط درج ذیل ہیں۔

| مقام نیلامی | مقررہ ایام | ٹوٹل رقبہ | اراضی | | نام مویشی منڈی | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دفتر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کینٹ | منگل اور بدھ | 25 ایکڑ | 18 ایکڑ | منڈی مویشیاں | اراضی کینٹ بورڈ بھاٹہ چوک | 1 |
| | | | 7 ایکڑ | پارکنگ | | |

| قواعد وضوابط | نمبر شمار |
|---|---|
| خواہش مند بولی دہندگان کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ (02) دو کروڑ روپے زر بیعانہ کسی بھی شیڈولڈ بنک سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی کے جمع کروانا ہوگا۔ جو نیلامی کے اختتام پر ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر رہنے والے بڈر قابل واپسی ہوں گے۔ | 1 |
| کامیاب بولی دہندہ کو اپنی کل بولی کی چار ماہ کی اقساط بطور سیکیورٹی علاوہ زر بیعانہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر فوراً دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوں گی۔ جو کہ تا اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکیورٹی جمع رہے گی۔ سب سے زیادہ بولی دہندہ چار ماہ کی اقساط بطور سیکیورٹی موقع پر جمع نہیں کرواسکا تو اسکا پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگا۔ پہلے ماہ کی ایڈوانس قسط سیکیورٹی کے ساتھ جمع ہوگی اور بقایا سالانہ ٹھیکے کی رقم 11 مساوی اقساط میں ماہانہ کی بنیاد پر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ٹھیکیدار ایڈوانس قسط ہر ماہ کی 08 تاریخ تک دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سے بنک چالان حاصل کر کے جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ | 2 |
| اگر کسی وجہ سے پہلے نمبر پر آنے والا بولی دہندہ ناکام ہوگیا تو اس صورت میں دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ پہلے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی بولی کے مساوی رقم کے مطابق بورڈ کی منظوری کے ساتھ ٹھیکہ لے سکتا ہے اور نیلامی کی تمام شرائط لاگو ہوں گی۔ | 3 |
| کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ پالیسی کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس، دیگر ٹیکسز اور واجبات جمع کروانا ہوگا۔ | 4 |
| بولی دہندہ کو اپنا موثر NTN نمبر فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر نیلامی میں حصہ لینے کا حقدار نہ ہوگا۔ نیز کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا | 5 |
| کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کی اطلاع موصول ہونے کے 03 یوم (ورکنگ ڈیز) کے اندر اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ ایگریمنٹ کرنا ہوگا۔ | 6 |
| اگر کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکیدار منگل، بدھ کے دن منڈی مویشیاں لگانے میں ناکام ہوتا ہے تو اسکا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ اور سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔ | 7 |
| کامیاب بولی دہندہ منظوری کی اطلاع موصول ہونے پر منڈی لگانے/ قبضہ لینے کا پابند ہوگا۔ | 8 |
| منڈی مویشیاں کی بولی (بڈ) فی سال کے حساب سے ہوگی اور عرصہ مدت معاہدہ ٹھیکہ تین سال کے لئے ہوگا۔ دوسرے اور تیسرے سال کے ٹھیکہ میں سالانہ 10% فیصد کمپاؤنڈ اضافہ کیا جائے گا۔ | 9 |
| اگر مہینے کی 10 تاریخ تک ٹھیکیدار قسط ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو مہینے کی 15 تاریخ تک ادائیگی نہ ہونے کی صورت میں یومیہ مبلغ -/100,000 روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ مہینے کی 15 تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں تین دن کے نوٹس پر ٹھیکہ/ معاہدہ منسوخ تصور ہوگا اور زر ضمانت/ سیکیورٹی بحق سرکار کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔ | 10 |
| ٹھیکیدار منڈی مویشیاں نوٹیفکیشن/ بائی لائز کے مطابق ہر منگل، بدھ منڈی مویشیاں لگانے کا پابند ہوگا۔ بورڈ کی منظوری سے منڈی لگانے کے دنوں میں کوئی بھی تبدیلی کرنے کا مجاز ہوگا۔ ٹھیکیدار اس پر عملدرآمد کرنے کا پابند ہوگا۔ | 11 |
| منڈی مویشیاں کے انعقاد کے لئے زمین کا انتظام کنٹونمنٹ بورڈ کرے گا۔ ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کی مقرر کردہ زمین پر منڈی لگانے کا پابند ہوگا۔ منڈی مویشیاں کی مخصوص کردہ پارکنگ ایریا کی زمین پر منڈی کے لئے مقرر کردہ ایام کے علاوہ اگر کینٹ بورڈ کوئی اور معاہدہ کرتا ہے یا کوئی اور استعمال میں لاتا ہے تو منڈی مویشیاں کا ٹھیکیدار اس پر کوئی اعتراض نہ کر سکے گا۔ | 12 |
| منڈی کے انعقاد کے لئے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ فوری انعقاد کی جگہ پر کسی قسم کی بھی سہولت نہیں پہنچائے گا۔ تمام انتظامات و دیگر ضروری سہولیات مثلاً پانی، بجلی، چارہ و سایہ کی فراہمی و نگہداشت اور ٹرک پارکنگ بذریعہ ٹھیکیدار منڈی مویشیاں ہوگی۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر یا اسکی طرف سے مقرر کردہ اہلکاروں کنٹونمنٹ بورڈ کو اختیار ہوگا کہ وہ منڈی مویشیاں میں داخل ہو کر انتظامات/ سہولیات کا جائزہ لے سکے۔ بد انتظامی اور سہولیات کی عدم دستیابی معاہدہ/ شرائط کی خلاف ورزی تصور ہوگی اور مناسب تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ منڈی کی کامیاب نیلامی کے بعد ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا جائیگا۔ جس میں باؤنڈری وال کی تعمیر، جانوروں کے اندر اور باہر آنے کا راستہ، سایہ دار شیڈ آفس، واش رومز وغیرہ کی تعمیر شامل ہے جو کہ عرصہ دو سال میں مکمل کیے جائیں گے۔ | 13 |

CS CamScanner

**منڈی مویشیاں میں جانوروں کی انٹری/فروختگی/پارکنگ/سٹال فیس وغیرہ کی وصولی درج ذیل شرح سے کی جائے گی۔**

| | نمبر شمار | تفصیل | انٹری فیس |
|---|---|---|---|
| 14 | 1 | بڑا جانور ) گائے ،بھینس ،اونٹ وغیرہ ( | 3000روپے فی عدد |
| | 2 | چھوٹا جانور ( بکرا، بکری، بھیڑ، دنبہ وغیرہ ) | 2000روپے فی عدد |
| | 3 | بھوسہ چارہ وغیرہ لانے والی بڑی گاڑی | 1000روپے فی پھیرا |
| | 4 | بھوسہ چارہ وغیرہ لانے والی چھوٹی گاڑی | 500روپے فی پھیرا |
| | 5 | جانوروں سے لوڈڈ بڑی گاڑیوں (دس ویلر تک) | 400روپے فی پھیرا |
| | 6 | جانوروں سے لوڈڈ بڑی گاڑیوں (چھ ویلر تک) | 300روپے فی پھیرا |
| | 7 | جانوروں سے لوڈڈ ٹرک ،مزدا، شہزور | 200روپے فی پھیرا |
| | 8 | جانوروں سے لوڈڈ پک اپ | 100روپے فی پھیرا |
| | | **فروختگی فیس** | |
| | 9 | بڑا اور چھوٹا جانور | طے شدہ قیمت 2فیصد |
| | | **پارکنگ فیس** | |
| | 10 | کار پارکنگ | 100روپے یومیہ |
| | 11 | موٹر سائیکل پارکنگ | 50روپے یومیہ |
| | | **سٹال فیس** | |
| | 12 | مختص کردہ جگہ برائے سٹال | 100روپے فی مربع گز یومیہ |

| | |
|---|---|
| 15 | ٹھیکیدار قانون کے مطابق خریدار/فروخت کنندہ سے رقم وصول کرے گا۔ زائد رقم وصول کرنے پر کنٹونمنٹ بورڈ مبلغ ہزار روپیہ فی کس جرمانہ کرنے کا مجاز ہوگا۔ |
| 16 | ٹھیکیدار کو منڈی مویشیاں میں کسی وجہ (تہوار یا واقعہ وغیرہ) سے نقصان ہوتا ہے تو کسی بھی صورت کنٹونمنٹ بورڈ سے رعائیت کا مستحق نہ ہوگا۔ البتہ اگر بورڈ کسی انتظامی وجہ سے ٹھیکیدار کو مقررہ ایام میں منڈی نہ لگانے کا پابند کرتا ہے تو اس کا ریلیف ٹھیکیدار کو بورڈ کی منظوری سے دیا جا سکتا ہے۔ |
| 17 | ٹھیکیدار منڈی مویشیاں کسی دوسرے شخص/پارٹی کو سب لیٹ نہ کرے گا۔ |
| 18 | ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں استعمال ہونے والی کتابیں منظور شدہ فارم بائی لاز 5(اے) کے مطابق اپنے ہی خرچہ پر چھپوائے گا اور دفتر ہذا سے کتابیں/رسیدیں تصدیق کروائے گا۔ نیز استعمال شدہ رسید بکس ہر ماہ دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ |
| 19 | منڈی مویشیاں میں کینٹ بورڈ کا جو اسٹاف مقرر ہوگا کینٹ بورڈ کی متعین کردہ تنخواہوں کی ادائیگی کا ٹھیکیدار خود ذمہ دار ہوگا۔ جو کہ قسط کے ساتھ دفتر کینٹ بورڈ راولپنڈی میں جمع کروائے گا۔ جن میں ایک اسسٹنٹ ریونیو سپرنٹنڈنٹ ،4چوکیدار اور 6سروس مین سینی ٹیشن شامل ہونگے۔ |
| 20 | منڈی کے دن لگائے جانے والے سٹالز، خوانچے، چائے اور کھانے کے سٹالز اور کھوکھوں سے سٹال فیس کی مد میں آمدنی کا اختیار ٹھیکیدار کو ہوگا۔ تاہم وہ کنٹونمنٹ سے ایسے تمام سٹالز کی منظوری لے گا۔ |
| 21 | ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی اجازت کے بغیر لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کرے گا اور گورنمنٹ کی طرف سے لگائی گئی پابندیوں کا اطلاق ہوگا |
| 22 | مویشی لوڈینگ/ان لوڈینگ کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ |
| 23 | کوئی بھی فرد/افراد منڈی مویشیاں کے علاوہ مویشی فروخت نہ کرسکے گا۔ اگر مویشی فروخت کرتا ہوا پایا گیا تو ٹھیکیدار اس فرد/افراد سے مبلغ 5000روپے جرمانہ فی مویشی وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔ |
| 24 | کامیاب بولی دھندہ نیلامی کی جگہ کو صاف رکھنے کا پابند ہوگا اور جانوروں کی خوراک پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا۔ اور کوڑا کرکٹ کچرا وغیرہ کو ٹھکانے لگانے یا شفٹ کرنے کا خود ذمہ دار ہوگا۔ |
| 25 | کسی بھی جھگڑے کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس راولپنڈی ریجن کو بھجوایا جائے گا جو کہ بحیثیت ثالث ثالثی فیصلہ کریں گے اور فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہوگا۔ اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جا سکے گا۔ |
| 26 | کامیاب بولی دھندہ کسی بھی طرح ٹریفک میں خلل پیدا نہیں ہونے دے گا اور اس سلسلے میں مناسب انتظامات کرے گا۔ |
| 27 | کنٹونمنٹ بورڈ/کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وجہ سے تمام بولی کو (منظوری سے قبل) بمطابق PPRA قواعد وضوابط مسترد کردے۔ |
| 28 | ٹھیکیدار یوٹیلیٹی سروسز کی فراہمی اور ماہانہ یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کینٹ بورڈ صرف NOC جاری کرے گا۔ ادا شدہ بلز کی کاپیاں ماہانہ کی بنیاد پر دفتر جمع کرائے گا۔ |
| 29 | ٹھیکیدار کو منڈی مویشیاں عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر 20 ذیقعد سے 12 ذوالحج تک لگانے کا حق حاصل ہوگا۔ |
| 30 | کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر زیر دستخطی/کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ 07 یوم کے نوٹس پر معاہدہ نیلامی منسوخ کردے اور زرضمانت ضبط کرلیا جائے۔ |

CamScanner

| | |
|---|---|
| 31 | ٹھیکیدار COVID جیسی اور دیگر قدرتی آفات و مرض کے پھیلاؤ میں مناسب اقدامات کرنے کا پابند ہوگا۔نقصان و تاوان کی صورت میں کسی معافی یا رعایت کا حق دار نہیں ہوگا۔اس کے علاوہ گورنمنٹ یا بورڈ کے احکامات جو کہ وقتاً فوقتاً مختلف معاملات کے بارے میں جاری ہوں گے ان کا پابند ہوگا۔ |
| 32 | دیگر شرائط و ضوابط نیلام دفتری اوقات کار کے دوران دفتر ہذا کی لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔ |

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

راولپنڈی کینٹ